سوال

(235)بحالت احرام سرمہ یا دوائی آنکھوں میں ڈالنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا احرام کی حالت میں آنکھوں میں سرمہ ڈالنا یا کوئی دوسری دوا استعمال کرنا جائز ہے ؟ کتاب وسنت کی روشنی میں وضاحت کریں ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

احرام کی حالت میں سرمہ ڈالنا یا کوئی دوسری دوا آنکھوں میں استعمال کرنا جائز ہے اس میں کوئی شرعی قباحت نہیں ہے جیسا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آدمی کے متعلق فرمایا : ’’جس کی آنکھوں میں درد ہو کہ وہ احرام کی حالت میں اپنی آنکھوں پر مصبّر یعنی ایلوا کا لیپ کرے ۔‘‘ [1]

---

[1] صحیح مسلم، الحج : ۲۰۸۹۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:3، صفحہ نمبر:218

محدث فتویٰ